**سیکشن 504 کے تحت غیر امتیازیت کی اطلاع**

**پالیسی بیانیہ**

1973 (جز 504) کے بحالی ایکٹ کے جز 504 کے تحت، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کی یہ پالیسی ہے کہ DOE کے زیر کفالت کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں معذوری کے حامل بصورتِ دیگر اہلیت رکھنے والے کسی بھی فرد کو محض انکی معذوری کی وجہ سے خارج کرنے، یا بصورتِ دیگر شرکت کرنے سے روکنے، فوائد سے انکار کرنے، یا امتیازیت برتنے کی ممانعت ہے۔ معذوری کے حامل افراد کی راز داری کے حقوق کی پاسداری کی جائے گی۔

چانسلر کا ضابطہ A-710 محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں اور طریقئہ کار بشمول محکمئہ تعلیم کے اسکولوں اور پروگراموں میں شرکت کرنے والے جُز 504 کے ذریعے نشان دہی کردہ معذوری کے حامل اہلیت رکھنے والے افراد اور محکمئہ تعلیم پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے سہولیات کے ضرورت مند افراد کے لیے شکایت کرنے کے طریقۂ کار کو قائم کرتا ہے۔ محکمئہ تعلیم (DOE) کے کسی پروگرام یا سرگرمی، یا ایک غیر محکمئہ تعلیم کے غیر نصابی پروگرام کے بارے میں سوالات یا خدشات کے لیے اسکول کے 504 رابطہ کار، پرنسپل یا صحت کے ڈائریکٹر سے رابطہ کریں، یا 504Questions@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

چانسلر کا ضابطہ A-830 محکمئہ تعلیم کی انسدادِ امتیازیت کی پالیسیاں اور طریقۂ کار قائم کرتا ہے، بشمول ملازمین، طلباء کے والدین، طلباء اور محکمئہ تعلیم کے ساتھ کاروبار کرنے، محکمئہ تعلیم کی سہولیات استعمال کرنے والے یا بصورتِ دیگر محکمئہ تعلیم کے ساتھ تعامل کرنے والے دیگر افراد کے لیے شکایت کرنے کے طریقۂ کار کے۔

**طالب علم** کے جز 504 حقوق یا طریقئہ کار کے بارے میں استفسارات کو ذیل کو بھیجیں :

برائے طلباء اور والدین:

Section 504 Program Manager
Office of School Health
52 Chambers Street
New York, NY 10007
(212) 287-0354
504Questions@schools.nyc.gov

بیرونی وسائل:

U.S. Department of Education
Office for Civil Rights
32 Old Slip, 26th Floor
New York, NY 10005-2500
(646) 428-3900
http://www.ed.gov/

تجدید کردہ مارچ 2025